محمد اسرار ابن مدنی
نائب مدیر الحق



# تعارف وتبصرہ کتب

● **اسلام میں قیدیوں کے حقوق واحکام (پشتو)** مصنف: **مولانا عبدالباقی حقانی**

ملنے کا پتہ: المکتبہ الحقانیہ للعلوم السیاسۃ پشاور

اسلام میں سزاؤں کا تسلسل خیرالقرون سے شروع ہوا اور قیامت تک جاری رہے گا، مجرم کو جرم کی پاداش میں ایک سزا کی صورت قید وبند ہے، جب کسی مسلمان سے کوئی جرم صادر ہوجائے اور مسلمان حاکم اس کو گرفتار کرکے قیدی بنالے اسکے بعد اس قیدی سے اس بات کی تحقیق ضرور کرنی چاہیے کہ اس کی طرف منسوب جرم مبنی بر حقیقت ہے یا محض تہمت، پھر تحقیق وتفتیش میں مقصد تک رسائی پانے کی خاطر کبھی تہمت لگے شخص کو دھمکانے کی بھی ضرورت پڑتی ہے، اسلام میں اس کی کیا حدود ہیں؟ اور پھر تحقیق وثبوت جرم کے بعد مجرم کو سزا دی جائے گی، یہ سزا کیسے اور کب دی جائے گی؟ اسی طرح قید وبند کے دوران قیدی کے فرائض اور حقوق کیا ہوں گے؟

اسی طرح کبھی کبھی میدان جہاد میں کفار جنگجو مجاہدین کے ہاتھوں گرفتار ہوجاتے ہیں تو ان کے ساتھ کیسا برتاؤ کیا جائے، ان کے حقوق واحکام کیا ہیں؟ اسی طرح کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ میدان جہاد میں لڑنے والے مجاہدین کفار کی قید میں چلے جاتے ہیں، ایسی صورت میں یہ (مسلمان) قیدی اپنی عبادات کیسے سرانجام دے گا؟ اور ان کیلئے جیل کی سلاخوں کے پیچھے زندگی گزارنے کے اسلامی آداب کیا ہوں گے؟

زیر تبصرہ کتاب ''پہ اسلام کے دَ قیدیانوں حقوق'' انہی سوالات کے جوابات پر مشتمل ہے، جس میں تفتیش سے لے کر جیل اور پھر رہائی تک کے تمام ادوار کا فقہی، قانونی، معاشرتی، اصلاحی اور روحانی پہلو کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے، کتاب کے مصنف مولانا عبدالباقی حقانی صاحب دارالعلوم حقانیہ کے جید فاضل اور اب جامعہ کے شعبہ سیاسیات اسلامیہ کے صدر مدرس ہیں۔ عرصہ دراز سے انہی موضوعات پر طبع آزمائی کرتے ہیں، زیر نظر کتاب بھی اپنے موضوع اور مباحث کے اعتبار سے منفرد کاوش ہے، البتہ پشتو میں ہونے کی وجہ سے ایک وسیع حلقہ استفادے سے محروم ہے، امید ہے اس کا اردو ترجمہ بھی جلد شائع کریں گے۔

● **تدریب المعلمین** ............ مرتب: **سید ندیم فرحت، سید متقین الرحمٰن**

ضخامت: ۳۰۸ صفحات ناشر: IPS پریس مکان نمبر ۱ گلی نمبر ۸ F-6/3 اسلام آباد 051-8438391